# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 25 May 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

## آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۲۵؍مئی ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ لوک سبھا انتخابات کے عمل میں مداخلت کرنے سے سپریم کورٹ کا انکار ‘ چُناؤ کے چھٹے مرحلے کے لیے آج رائے دہی

☆ قانون ساز کاؤنسل کی 4 نشستوں کے لیے انتخابی کمیشن کی جانب سے نئے سرے سے چُناوی پروگرام کا اعلان

☆ کان فلم فیسٹول میں **Sunflowers Were The First Ones to Know** نامی مختصر فلم کو بہترین ڈاکیومینٹری کا اعزاز

اور

☆ آئی پی ایل کرکٹ مقابلوں میں سنرائزرس حیدرآباد کی فائنل میں پیش قدمی ‘ کولکاتہ نائٹ رائیڈرس سے کل آخری مقابلہ

اب خبریں تفصیل سے...

عدالتِ عظمٰی نے لوک سبھا انتخابات کے دوران اپنی ویب سائٹ پر ہر انتخابی مرکز کے مطابق ووٹوں کی تعداد ظاہر کرنے کی خاطر انتخابی کمیشن کو حکم دینے کی درخواست کل مسترد کر دی۔ سپریم کورٹ نے ملک میں جاری عام انتخابات کے عمل میں مداخلت نہ کرنے کے اپنے موقف کی حمایت کی ہے۔ جسٹس دیپانکر دتا اور ستیش چندر شرما کی بینچ نے اِس درخواست کی سماعت کل ملتوی کر دی اور کہا کہ اِس پر سنوائی چُناؤ ختم ہونے کے بعد کی جائے گی۔

***** ***** *****

لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلے میں 8 / ریاستوں کے 58 / انتخابی حلقوں کے لیے آج ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِن میں اُتر پردیش کی 14 /نشستیں، ہریانہ 10 / بہار اور مغربی بنگال کی فی ریاست 8۔8 /نشستیں، دِلّی 7 / اُڈیشہ 6 / جھارکھنڈ 4 / اور جموں وکشمیر کی ایک نشست شامل ہے۔

***** ***** *****

قانون ساز کاؤنسل کی 4 /نشستوں کے انتخابات کے لیے انتخابی کمیشن نے چُناوی پروگرام کا اعلان کیا ہے۔ ممبئی گریجویٹ حلقے، کوکن گریجویٹ حلقے، ناسک اساتذہ انتخابی حلقے اور ممبئی اساتذہ انتخابی حلقے کے چُناؤ اب 26 / جون کو ہوں گے۔ اِس کے لیے 31 /مئی سے امیدواری درخواستیں قبول کی جائیں گی۔ آئندہ 7 / جون امیدواری عرض داخل کرنے کی آخری تاریخ ہے۔ 10 / جون تک درخواستوں کی چھان بین کی جائے گی۔ 12 / جون تک نام واپس لیے جاسکیں گے۔ 26 / جون کو ووٹ ڈالے جائیں گے اور یکم جولائی کو ووٹوں کی گنتی ہوگی۔ انتخابی کمیشن کی جانب سے جاری کردہ مکتوب میں یہ اطلاع دی گئی۔

***** ***** *****

ٹیلی کمیونکیشن محکمے نے 6 / لاکھ 80 / ہزار موبائل نمبروں کی دوبارہ جانچ کی ہدایت دی ہے۔ یہ ہدایت اِس شُبہ پر جاری کی گئی ہے کہ اِن نمبروں کو حاصل کرنے کے لیے جعلی ثبوت استعمال کیے گئے ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اگر خدمات فراہم کرنے والی کمپنیوں نے آئندہ 60 / دنوں میں اِن موبائل نمبروں کی تصدیق نہیں کی تو یہ نمبر بند کر دیئے جائیں گے۔

***** ***** *****

دِلّی ہائی کورٹ نے کل سماجی کارکُن میدھا پاٹکر کو دِلّی کے نائب گورنر وی کے سکسینا کی جانب سے دائر ہتکِ عزت کے مقدمے میں قصوروار ٹھہرایا ہے۔ سکسینا نے نرمدا بچاؤ تحریک اور میدھا پاٹکر کے خلاف اشتہارات شائع کیے تھے۔ جس کے بعد پاٹکر نے اِس پر اعتراض کرتے ہوئے مقدمہ دائر کیا تھا۔ سکسینا نے پاٹکر پر توہین آمیز بیان دینے کے سبب 2 / مقدمات درج کروائے تھے۔

***** ***** *****

ڈومبیولی ایم آئی ڈی سی میں ہوئے دھماکے کی مرکزی ملزمہ مالتی مہتا کو پولس نے ناسک شہر کے پیٹھ روڈ سے گرفتار کرلیا۔ گرفتاری کو ٹالنے کے لیے ملزمہ ایک رشتہ دار کے یہاں چھپی ہوئی تھیں۔ یہ اطلاع ناسک پولس کو ملی جس کے بعد ناسک اور تھانے کی جرائم شاخوں نے مشترکہ کارروائی کرکے ملزمہ کو کل شب گرفتار کیا۔ اِسی بیچ دھماکوں میں مرنے والوں کی تعداد 13 / سے زیادہ ہوچکی ہے۔ کل دوسرے دن بھی آتش فرودستے اور قدرتی آفات سے نمٹنے کے قومی دستے کی جانب سے تلاشی مہم جاری رہی۔ اِس حادثے میں زخمی ہونے والے 60 / سے زائد افراد کی حالت تشویش ناک ہونے کے سبب مرنے والوں کی تعداد میں اضافے کا امکان ظاہر کیا جارہا ہے۔

***** ***** *****

راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار گروپ کے سربراہ شرد پوار نے ریاست میں قحط سالی کی صورت حال پر سنجیدگی سے دھیان دینے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ وہ کل ممبئی میں اخباری کانفرنس سے مخاطب تھے۔ اِس پس منظر میں پوار نے حکومت سے فصل قرض دوبارہ طئے کرنے‘ فصل قرض اور بجلی بلوں کی وصولی کو معطل کرنے سمیت مختلف مطالبات کیے ہیں۔

***** ***** *****

فلم اینڈ ٹیلی ویژن انسٹی ٹیوٹ آف اِنڈیا‘ پونے کے طالب علم چِدا نند نائک کی ہدایات کاری میں بنے والی ڈاکیومنٹری فلم ” سن فلاورس ورد ی فرسٹ وَن ٹو نو“ نے بہترین مختر فلم کا باوقار ایوارڈ ” لا سینیف“ جیت لیا ہے۔ اِس فلم کا پلاٹ کرناٹک کی ایک لوک کہانی پر مبنی ہے۔ اِس فلم کی تصویر بندی سورج ٹھاکرے نے کی جبکہ تالیف منوج وہی کی ہے اور میوزک ابھیشیک کدم نے دی۔ دنیا بھر کے 555 /فلمی تربیتی اِداروں سے موصول ہونے والی 2 / ہزار 263 /مختصر فلموں میں سے 8 /فلمیں اِس ایوارڈ کے لیے مقابلے میں شامل تھیں۔

***** ***** *****

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

کُل ہندمراٹھی ڈرامہ کاؤنسل نے سینئر اداکار اشوک صراف اور سینئر اداکارہ روہنی ہٹنگڈی کے لیے لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ کا اعلان کیا ہے۔ آئندہ 14/جون کو منعقدہ تقریب میں یہ انعامات تقسیم کیے جائیں گے۔ کاؤنسل کے صدر پرشانت داملے نے یہ اعلان کیا۔ انہوں نے بتایا کہ 100/ویں ڈرامہ کانفرنس میں ڈرامہ فن سے متعلق بیداری کے لیے بہترین انعام حاصل کرنے والے ڈرامے 'بچوں کے ڈرامے' مونولوگ ' تھیٹر کے نغمے ' میوزیکل نغمے اور ڈراموں سے متعلق تاثرات پیش کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

ریاست کے ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کی جانب سے 12/ویں جماعت کے سپلیمنٹری امتحانات ماہِ جولائی۔اگست 2024ء میں منعقد کیے جارہے ہیں۔ اِن امتحانات میں شرکت کے خواہش مند طلباء بورڈ کی ویب سائٹ پر فیس کی ادائیگی کے ساتھ 7/جون تک درخواست دے سکتے ہیں۔ یہ اطلاع تعلیمی بورڈ کی سیکریٹری انورادھا اوک نے دی۔ لیٹ فیس کے ساتھ 12/جون تک درخواستیں قبول کی جائیں گی۔ لیے

***** ***** *****

ریاست کے ایس ٹی کارپوریشن کی جانب سے یکم جنوری 2024ء سے شروع کیے گئے ٹکٹ تقسیم کے آن لائن نظام کو عوام کی طرف سے خوب پذیرائی مل رہی ہے۔ اِس نظام کے تحت اب تک 12/لاکھ 92/ہزار ٹکٹ تقسیم کیے گئے ہیں۔ ایس ٹی کارپوریشن نے اِس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے اپنی ویب سائٹ سمیت موبائل ایپ' ایم ایس آر ٹی سی کا استعمال کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

پونے کے کھڈک واسلا میں کل نیشنل ڈفینس اکیڈمی کے 146/ویں بیچ کے کانوکیشن کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ ملکی فوج کے سربراہ جنرل منوج پانڈے نے اِس موقعے پر پریڈ کی سلامی لی۔ اِس موقع پر 146/ویں بیچ میں ڈگریاں بھی تقسیم کی گئیں جن میں 17/غیر ملکی اور 205/وطنی کیڈیٹس شامل ہیں۔

***** ***** *****

دھاراشیوضلعے کے لوہارُ دھاراشیو اور واشی تعلقہ جات کو قحط سے متاثرہ جبکہ دیگر 5 /تعلقوں میں قحط جیسی صورتِ حال ہونے کا اعلان کیا گیا ہے۔ضلع کلکٹر سچن اومبا سے نے کل اِس تعلق سے کلکٹر دفتر میں جائزاتی میٹنگ کا انعقاد کیا۔

اِسی بیچ دھاراشیو تعلقے کے تیر ' پانواڑی اور دیگر قصبوں میں غیر موسمی بارش سے ہونے والے نقصان کا رکن اسمبلی جگجیت سنگھ پاٹل نے جائزہ لیا۔اِس موقعے پر انھوں نے شہریان سے تبادلہ خیال بھی کیا۔انھوں نے ان نقصانات کے فوری پنچ نامے کرنے کی متعلقہ حکام کو ہدایت دی ہے۔

***** ***** *****

پولس سپرنٹنڈنٹ اجئے کمار بنسل کے ہاتھوں جالنہ بس اسٹینڈ سے 5 /سالہ بچی کو اغواء کرنے کے معاملے کو 8 /دنوں میں حل کرنے پر مقامی جرائم شاخ کے پولس انسپکٹر رامیشور کھناڑ سمیت تفتیشی عملے کی کل توصیفی سند دے کر عزت افزائی کی گئی۔

***** ***** *****

بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو نے ملیشین ماسٹرس بیڈمنٹن مقابلے میں سیمی فائنل میں داخلہ حاصل کرلیا ہے۔کولالمپور میں کل کھیلے گئے مقابلے میں سندھو نے چین کی ہان ہئی ہائی کو 21 - 13 ' 21 -14' 22 - 21 /سے شکست دے دی۔سندھو آج سیمی فائنل میں تھائی لینڈ کی کھلاڑی سے مقابلہ کریں گی۔

اِسی بیچ خواتین کے دوسرے کوارٹر فائنل مقابلے میں بھارت کی اشمتا چلی ہار گئیں ہیں۔

***** ***** *****

اِنڈین پریمئر لیگ ' آئی پی ایل کرکٹ مقابلوں میں سن رائزارس حیدرآباد نے فائنل میں داخلہ حاصل کرلیا۔کل چنئی کے ایم چدمبرم میدان پر ہوئے مقابلے میں سن رائزرس حیدرآباد نے راجستھان رائلز کو 36 /رنوں سے شکست دے دی ۔کل اتوار کو اسی میدان پر حیدرآباد سن رائزرس اور کولکاتہ نائٹ رائیڈرس کے درمیان فائنل مقابلہ ہوگا۔

***** ***** *****

آ خر میں اہم خبر وں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ لوک سبھا انتخابات کے عمل میں مداخلت کرنے سے سپریم کورٹ کا انکار ' چُناؤ کے چھٹے مرحلے کے لیے آج رائے دہی

☆ قانون ساز کاؤنسل کی 4 رنشستوں کے لیے انتخابی کمیشن کی جانب سے نئے سرے سے چُناؤ ی پروگرام کا اعلان

☆ کان فلم فیسٹول میں **Sunflowers Were The First Ones to Know** نامی مختصر فلم کو بہترین ڈاکیومینٹری کا اعزاز

اور

☆ آئی پی ایل کرکٹ مقابلوں میں سنرائزرس حیدرآباد کی فائنل میں پیش قدمی ' کولکاتہ نائٹ رائیڈرس سے کل آخری مقابلہ

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆